# BOARD OF INTERMEDIATE & SECONDARY EDUCATION, RAWALPINDI

***OFFICE OF THE PROTOCOL & PUBLIC RELATIONS OFFICERS***

*E-mail:* pro.biserwp@gmail.com
*Ph:* 051-5450912
*Cell:* 0307-9130310

## پریس ریلیز

**راولپنڈی میں مقامی تعطیل کے باوجود انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026 کے پریکٹیکل امتحانات مقررہ شیڈول کے مطابق ہوں گے**

**کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان کی امیدواروں اور متعلقہ اداروں کو جاری شدہ شیڈول پر عملدرآمد کی ہدایت**

کنٹرولر امتحانات، تعلیمی بورڈ راولپنڈی، تنویر اصغر اعوان نے واضح کیا ہے کہ راولپنڈی تعلیمی بورڈ کے زیر انتظام انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026 کے کیمسٹری، شماریات (Statistics) اور OHE کے پریکٹیکل امتحانات، جو مورخہ 04 اگست 2026 بروز منگل راولپنڈی شہر میں منعقد ہوں گے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی جانب سے جاری کردہ مقامی تعطیل کے نوٹیفکیشن کے باوجود جاری شدہ شیڈول کے مطابق منعقد کیے جائیں گے۔

انہوں نے کہا کہ مقامی تعطیل کا اطلاق تعلیمی بورڈ راولپنڈی کے پریکٹیکل امتحانات پر نہیں ہوگا، لہٰذا تمام امیدوار مقررہ تاریخ اور وقت پر اپنے متعلقہ امتحانی مراکز میں پہنچیں۔

کنٹرولر امتحانات نے تمام پریکٹیکل ایگزامنرز اور متعلقہ تعلیمی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ جاری شدہ شیڈول کے مطابق امتحانات کے انعقاد کو یقینی بنائیں تاکہ امتحانی عمل بلا تعطل، شفاف اور منظم انداز میں مکمل ہو سکے۔

کاپی برائے اطلاع!

۱) ڈائریکٹر پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی
۲) تمام قومی اخبارات راولپنڈی/اسلام آباد، اٹک، چکوال، جہلم
۳) پریس کلب راولپنڈی/اسلام آباد، اٹک، چکوال، جہلم
۴) سسٹم اینالسٹ تعلیمی بورڈ راولپنڈی برائے ویب سائٹ

( ارسلان علی چیمہ )
افسرِ تعلقاتِ عامہ